بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال

نمبر 1701/اے ایس ایف

ریوائزنوٹیفیکیشن

مورخہ 26 نومبر 2024ء

بورڈ ہذا کے زیر اہتمام میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2025 مورخہ 04.03.2025 سے شروع ہوگا۔ مذکورہ امتحان کے لئے داخلہ فارم مع امتحانی فیس شیڈول کے مطابق وصول کی جائے گی۔ شیڈول کے علاوہ کوئی داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔ میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2025ء کے داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	حتمی تاریخ
۱	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	02-11-2024 تا 06-12-2024
۲	اہل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	07-12-2024 تا 20-12-2024
۳	ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	21-12-2024 تا 02-01-2025

مذکورہ بالا امتحان کے سلسلہ میں شرح داخلہ فیس درج ذیل ہوگی۔ نیز ڈبل فیس کے بعد -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ 51st میٹنگ مورخہ 15-06-2023 آئٹم نمبر 8 کے تحت مورخہ 17-02-2025 تک فیس ادا کر کے بمعہ داخلہ فارم دفتر ہذا میں جمع کروانے کے بعد امیدوار امتحان میں شمولیت اختیار کر سکتا ہے۔

امتحان میٹرک	پارٹ فرسٹ	پارٹ سیکنڈ	کمبائنڈ فیس
ریگولر امیدواران			
سائنس گروپ	700روپے	700روپے	1400روپے
آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون	700روپے	700روپے	1400روپے
آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون	650روپے	650روپے	1300روپے
پروسیسنگ فیس	530روپے	530روپے	530روپے
سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ)	--------	700روپے	700روپے
ڈولپمنٹ فنڈ	-/300روپے	-/300روپے	-/300روپے
پرائیویٹ امیدواران			
سائنس گروپ	750روپے	750روپے	1500روپے
آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون	750روپے	750روپے	1500روپے
آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون	700روپے	700روپے	1400روپے
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	1000روپے	1000روپے (برائے کمپوزٹ)	1000روپے
پروسیسنگ فیس	530روپے	530روپے	530روپے
سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ)	--------	700روپے	700روپے
ڈولپمنٹ فنڈ	300روپے	300روپے	300روپے

نوٹ: ۱۔ درج بالا ریوائز شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ ۲۔ داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے۔

۳۔ پرائیویٹ امیدواران سے مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ ۴۔ گورنمنٹ سیکٹر کے تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ 02-11-2024 تا 06-12-2024 کے دوران اپنے ادارے کے ریگولر طلباء و طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کروا سکیں گے۔ ۵۔ واضح رہے کہ پروسیسنگ فیس -/530 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس -/700 روپے اور ڈولپمنٹ فنڈ -/300 روپے امیدوار کو کسی بھی صورت میں معاف نہیں ہے۔ ۶۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کرنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کرواتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس بمعہ دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۷۔ اس طرح جماعت نہم میں شرکت کے بعد کامیابی حاصل نہ کرنے کی صورت میں جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۸۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ اور بینک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔ **۹۔ داخلہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔** ۱۰۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت امتحانی فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک ہے۔ ۱۱۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس معہ دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ۱۲۔ تین گنا فیس بمعہ مبلغ -/500 روپے یومیہ جرمانہ فیس کے ساتھ جمع ہونے والے داخلہ فارم کے حامل امیدواران کا امتحانی سنٹر تحصیل ہیڈ کوارٹر پر بنایا جائے گا۔ ۱۳۔ داخلہ فارم مع بنک چالان برائے ادائیگی داخلہ فیس بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے HBL/UBL کی نامزد برانچز اور HBL Konnect میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔

راؤ علی ریاض
سیکرٹری بورڈ

کاپی برائے اطلاع:

۱۔ جناب C.E.O.s (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) پاکپتن، ساہیوال، اوکاڑہ ۲۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز ساہیوال ۳۔ جناب RCO تعلیمی بورڈ ساہیوال (برائے الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا)
۴۔ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈنگ بورڈ ویب سائیٹ) ۵۔ الحاق شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز/ہائی سکولز ساہیوال ڈویژن، ساہیوال ۶۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا۔

انچارج (فنانس برانچ)
26/11/24

CamScanner